| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی پنتسواں ہفتہ | موضوع: | واحد/جمع | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ واحد جمع پہچان سکیں۔ان کی پڑھائی اورلکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'گھ' کےفلیش کارڈ دکھا کران کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا واحد/ جمع کی پہچان اور نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم واحد/جمع کے بارے میں پڑھیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ واحد ایسے لفظ کو کہتے ہیں جس سے کسی ایک چیز،ایک جگہ،ایک شخص،ایک جانور کا نام ظاہر ہو۔مثال کے طور پر کتاب،مسجد،لڑکا،بلی وغیرہ۔واحد کے معنی ہیں ایک۔بچوں کو کمرہ جماعت میں واحد چیزیں بتانے کو کہا جائے گا۔مثال کے طور پر پنکھا۔بچوں کو جمع کا لفظ فلیش کارڈ دکھا کر بتایے کہ جمع ایسے لفظ یا الفاظ کو کہتے ہیں جس سے کسی ایک سے زیادہ چیزوں کے نام ظاہر ہو۔مثال کے طور پر کتابیں،مساجد،لڑکے،وغیرہ۔ | 10منٹ | الفاظ<br>فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ پی پی ٹی تیار کرے گی جس میں تمام تصاویر ہوں گی (ایک لڑکا،پانچ لڑکے،ایک تالا،تین تالے،ایک گھوڑا،سات گھوڑے) بچے باری باری ہر تصویر کا نام بتائیں گے اور بتائیں گے کہ یہ لفظ واحد ہے یا جمع۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں انہیں واحد کو ان کے جمع سے ملانے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے کچھ الفاظ کے جمع پوچھے جائیں گے (پنکھا،تارا،بستہ،بلا وغیرہ) | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | پنتسواں ہفتہ | موضوع: | واحد/جمع | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ واحد جمع پہچان سکیں۔ان کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوتارا، بچہ، کپڑا، باجا کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کران کے جمع بتانے کوکہا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>صوفہ کپڑا دروازہ پردہ تھیلا بستہ<br>کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کران کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ تمام الفاظ واحد ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ان کے جمع بناتے وقت آخر میں 'ے' کا استعمال ہوتا ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ بچوں کو بتائے گی کہ تمام واحد الفاظ کے جمع فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں چھپائے گئے ہیں اور ایک جمع لفظ ایک سے زیادہ دفعہ لکھا گیا ہے۔مثال کے طور پر 'صوفے' کے تین یا چار فلیش کارڈ ہوں گے۔صوفہ کا فلیش کارڈ دکھا کر معلمہ کوئی سے تین یا چار بچوں کو اُس کا جمع فلیش کارڈ ڈھونڈنے کو کہے گی۔کتاب صفحہ 41 کھولنے کو کہا جائے گا۔واحد کو جمع سے ملانے کو کہا جائے گا۔اپنے کسے کی تصویر بنانے کو کہا جائے گا اور رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>آج پڑھے گئے واحد کے جمع پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر صوفہ، کپڑا، پردہ اور تھیلا۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | واحد/جمع<br>الفاظ<br>فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ<br>41 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا واحد/ جمع کی پہچان اور نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی پنتسواں ہفتہ | موضوع: | واحد/جمع | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ واحد جمع پہچان سکیں۔ان کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بستہ، پردہ، دروازہ کے جمع پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>پرندہ گھوڑا پتا غبارہ ستارا<br>الفاظ فلیش کارڈ دکھا کران کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کوان واحد الفاظ کے جمع بتائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔زمین پرجمع الفاظ لکھے جائیں گے۔معلمہ باری باری بچہ/ بچی کو بُلا کر واحد لفظ دے گی اور اس کی جمع بتانے اوراس پر چھلانگ لگانے کو کہے گی۔<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پرلکیر کھینچ کر واحد جمع لکھے گی (اوپر دیے گئے الفاظ)۔بچوں کو بورڈ سے دیکھ کر کاپی پر لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>الفاظ فلیش کارڈ دکھا کران کو پڑھنے اور واحد بتانے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر چسپاں ورک شیٹ کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>کاپی ورک | بچوں کوغیر رسمی طور پر جانچا جائے گا واحد/ جمع کی پہچان اور نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی پنتسواں ہفتہ | موضوع: | واحد/جمع | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ واحد جمع پہچان سکیں۔ ان کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے کمرا، محلہ، جالا کے جمع پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا واحد/ جمع کی پہچان اور نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو پودے، بکرے، کانٹے، پنکھے، گلدستہ کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کیا یہ الفاظ واحد ہیں یا جمع ہیں؟ بچوں کو یاددہانی کروائی جائے گی کہ واحد الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جو ایک چیز کے نام کو ظاہر کرے اور جمع الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جو ایک سے زیادہ چیزوں کے نام ظاہر کرے۔ | 10 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ بچوں کو چھوٹے سفید بورڈ اور مارکر دے گی اور بچوں کو جمع الفاظ کے فلیش کارڈ دکھائے گی۔ بچے کارڈ دیکھ کر بنا بولے اُس کا واحد لفظ بورڈ پر لکھیں گے۔ درست لفظ لکھنے والے بچوں کو شاباش دی جائے گی۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی بچوں کو واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | چھوٹے سفید بورڈ مارکر ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>مختلف الفاظ دکھا کر ان کے واحد جمع پوچھیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی پنتسواں ہفتہ | موضوع: | واحد/جمع | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ واحد جمع پہچان سکیں۔ان کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>محلہ،کمرا،راستہ،گھوڑا،پتا،کیلا کے جمع پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>جھنڈا،مرغا،انڈہ،طوطا،جالا کے الفاظ فلیش کارڈ بورڈ پر چسپاں کر کے معلمہ ان کی بلند خوانی کرے گی۔بچوں سے ان الفاظ کے جمع پوچھے جائیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ واحد اور جمع کا استعمال جملوں میں کس طرح کیا جاتا ہے۔معلمہ بورڈ پر جملہ لکھے گی ٹوکری میں پانچ-----ہیں۔(انڈہ-انڈے)اور بچوں سے پوچھا جائے گا کہ خالی جگہ میں واحد لفظ آئے گا یا جمع۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تختہ سفید یا سیاہ پر جملے لکھ کر ان میں درست لفظ کا استعمال کرنے کو کہے گی۔بچے بورڈ سے دیکھ کر کاپی پر جملے اتاریں گے۔مثال کے طور پر۔<br>1.یہ پاکستان کا-----ہے۔ (جھنڈا،جھنڈے)<br>2.آسمان پر------چمک رہے ہیں۔ (ستارہ،ستارے)<br>3.------چل رہا ہے۔ (پنکھا،پنکھے)<br>**اختتامیہ:**<br>تمام پڑھائے گئے واحد جمع دہرائے جائیں گے۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا واحد/ جمع کی پہچان اور نشاندہی کرنے پر۔ |